# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

## ٹھیکے داران کی پری کوالیفیکیشن

سرگودھا بورڈ درج ذیل تعمیراتی و مرمتی کام کروانا چاہتا ہے جس کے لیے پاکستان انجینئرنگ کونسل سے منظور شدہ کیٹگری A میں اچھی شہرت کے حامل ٹھیکے داران سے پری کوالیفیکیشن کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔

1- تعمیر دیوار بمعہ یک رویا گیٹ

2- تعمیر ہال 100′ × 80′

3- مین آفس بلڈنگ کی مرمت و رینوویشن

4- عمارت کے چاروں کونوں پر غسل خانوں کی ازسرنو تعمیر

5- تعمیر دفاتر

ٹھیکیداران کو اپنے طور پر تعمیراتی میٹریل و مشینری کا بندوبست کرنا ہوگا۔ پری کوالیفیکیشن کے خواہش مند ٹھیکیداران Pre-qualification document, Evaluation Criteria and List of Documentary Evidence etc. و دیگر معلومات مبلغ -/1000 روپے بذریعہ بنک چالان بنام سیکرٹری بورڈ سرگودھا یو۔ بی۔ ایل بورڈ برانچ میں جمع کروا کر مورخہ 06-12-2014 کو بوقت 3 بجے بعد دوپہر تک بورڈ ہذا کی اسٹیٹ برانچ سے حاصل کر سکتے ہیں۔ درخواستیں مؤرخہ 08-12-2014 بوقت 2 بجے بعد دوپہر تک وصول کی جائیں گی۔ دیر سے آنے والی درخواستیں زیرغور نہیں لائی جائیں گی۔ پری کوالیفیکیشن پنجاب پروکیورمنٹ رولز 2014ء کی روشنی میں کی جائیگی۔

ٹھیکیداران مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرنے کے پابند ہوں گے:

1- نام و پتہ فرم ہیڈ آفس اور برانچ

2- فرم کا میمورنڈم آف ایسوسی ایشن/شراکت نامہ

3- گزشتہ دس سالوں میں ایسی نوعیت کی تکمیل کردہ کاموں کی تفصیل جن میں پراجیکٹ کی لاگت اور مدت درج ہو (ملٹی سٹوری بلڈنگز، سیوریج واٹر سپلائی، الیکٹریسٹی)

4- موجودہ زیر تکمیل کاموں کی تفصیل ادارے یا جگہ کا نام جہاں کام ہو رہا ہے کام کی لاگت و معیار اور کام مکمل کرنے کی مدت۔

5- ماضی میں جن فرم/اداروں کا کام کیا ہے ان کی طرف سے کام خوش اسلوبی سے تکمیل کا ثبوت/سرٹیفکیٹ۔

6- فرم کی رجسٹریشن اور موجودہ تحریری سرٹیفکیٹ

7- مختلف اداروں کے ساتھ الحاق کا ثبوت

8- مالی ساکھ کے بارے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرم سے بیلنس شیٹ اور مالی طور پر مستحکم ہونے کا ثبوت/ بنک سٹیٹمنٹ

9- انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ

10- پاکستان انجینئرنگ کونسل کے ساتھ بطور ٹھیکیدار رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور موجودہ تجدیدی سرٹیفکیٹ

11- فرم کے پاس موجودہ تعمیراتی ساز وسامان کی فہرست

12- فرم میں موجود ٹیکنیکل/سپروائزر اور اہم عہدیداروں کے کوائف CVs

13- تنازعہ/مقدمہ بازی کے معاملات کی فہرست

14- -/100 روپے کے اشٹام پر حلفیہ بیان جو کہ کسی گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق شدہ ہو کہ فرم کسی سرکاری/نیم سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہے۔

15- پارٹنرشپ معاہدہ بصورت کمپنی/لمیٹڈ فرم جمعہ پاور آف اٹارنی۔

## قواعد وضوابط

1- چیئرمین بورڈ ہذا پیپرا رولز 2014 کی روشنی میں تمام درخواستوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

2- درج بالا معلومات/تفصیلات کے متعلق کسی بھی قسم کی غلط بیانی فرم یا ٹھیکیدار کو نااہل قرار دینے کے لئے کافی ہوگی۔

3- نامکمل کوائف/معلومات کی صورت میں پری کوالیفکیشن درخواست مسترد کردی جائے گی اور زیر غور بھی نہ لائی جائے گی۔

4- کمیٹی پری کوالیفکیشن ڈاکومنٹ میں دیے گئے طریقہ کے مطابق فرموں کی پری کوالیفکیشن کرے گی۔

5- پری کوالیفکیشن کمیٹی کا فیصلہ بعد از منظوری جناب چیئرمین صاحب حتمی ہوگا۔

6- درخواست دہندہ گان کو اس بات کی گارنٹی/حلف نامہ دینا ہوگا کہ انہوں نے پری کوالیفکیشن نوٹس کو پوری احتیاط سے پڑھا ہے اور وہ تمام شرائط وضوابط کے پابند ہوں گے۔

7- صرف پری کوالیفائیڈ فرمز/ٹھیکیداران طلبی ٹینڈر کے بعد کنٹریکٹ کے کاغذات حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

8- مزید معلومات بورڈ ہذا کی ایسٹیٹ برانچ سے دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

سیکرٹری

# کوٹیشن

آرکیٹیکٹس فرموں سے کوٹیشن مطلوب ہیں۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا کو مندرجہ ذیل کاموں کے لئے جدید خطوط پر تعمیر و ترقی کے لئے اعلیٰ کارکردگی کے حامل آرکیٹیکٹس / ٹاؤن پلانرز جو کہ پاکستان کونسل آف آرکیٹیکٹس اور ٹاؤن پلانرز کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں اور انہوں نے اپنی تجدید برائے سال 2014-15 کرالی ہو۔ (رجسٹریشن کی فوٹو کاپی ساتھ منسلک کریں) سے کوٹیشن مطلوب ہیں۔

1۔ تعمیر ہال

2۔ تعمیر دیوار بمعہ یک رویا گیٹ

3۔ مین آفس بلڈنگ کی مرمت و رینوویشن

4۔ عمارت کے چار کونوں پر غسل خانوں کی از سر نو تعمیر

5۔ تعمیر دفاتر

ریٹ اسٹیٹمنٹ کے حساب سے لکھنا ہوگا۔ ان ریٹس میں ڈیزائن، ڈرائنگ اور اسٹیمیشن شامل ہوگی۔

کوٹیشن منظور ہونے کے بعد ایک ماہ کے اندر ڈیزائن کی ڈرائنگ اور اسٹیمنٹس M.R.S کے مطابق دفتر زیر دستخطی پہنچانا ہوگا۔ سربمہر کوٹیشن سیکرٹری BISE کے دفتر میں بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک مورخہ 25-11-2014 بعد از دوپہر 2 بجے تک پہنچنا ضروری ہے۔ زیر دستخطی کسی بھی وجہ سے تمام کوٹیشن کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ دیگر تفصیلات بورڈ ہذا کی انجینئرنگ برانچ سے دفتری اوقات کار میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

سیکرٹری

BISE, Sargodha